48 x 3

AL-ABBAS

العباس شوگر ملز لمیٹڈ

اطلاع برائے 26واں سالانہ اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ العباس شوگر ملز کا ۲۶ واں سالانہ اجلاسِ عام بروز پیر مورخہ 30 جنوری 2017 بوقت صبح 10:30 بجے بمقام بیچ لگژری ہوٹل، کراچی میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور طے پائیں گے۔

عمومی امور

1۔ 25 ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 28 جنوری، 2016 کے کمپنی کے حصص یافتگان کے منٹس کی توثیق۔

2۔ 30 ستمبر، 2016 کو مکمل ہونے والے سال کے لئے منافع منقسمہ کی منظوری۔ ڈائریکٹرز نے حتمی منافع منقسمہ 40% کی شرح سے یعنی بحساب 4.00 روپے فی حصص کی سفارش کی ہے۔ یہ مجموعی عبوری منافع منقسمہ 150% بحساب 15 روپے فی حصص (پہلا عبوری منافع منقسمہ 50 فیصد اور دوسرا عبوری منافع منقسمہ 100 فیصد) ادا کیا جا چکا ہے۔ 2015-16 کے لئے کل منافع منقسمہ 190% بحساب 19 روپے فی حصص مقرر کیا جائے گا۔

4۔ آئندہ سال کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ہارون ذکریا اینڈ کمپنی سبکدوش ہوگئے ہیں اور انہوں نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

5۔ صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

خصوصی امور

1۔ حصص یافتگان کی رضامندی کا حصول جس کے تحت بالحاظ ایس آر او 2016 / (I)470 بتاریخ 31 مئی 2016 کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ترسیل برائے سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ عام اجلاس کے نوٹسز اور کمپنی کی دیگر معلومات بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی، کسی بھی تبدیلی کے ساتھ یا بنا تبدیلی بطور عام قرارداد مندرجہ ذیل قرارداد کی منظوری کے لئے جاری کیا گیا۔

"قرار طے پایا کہ العباس شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص یافتگان کی رضامندی اور منظوری سے حل کیا جائے، آئندہ سالوں کے حصص یافتگان کے لئے 30 ستمبر 2016 کے سال کے اختتام پر سالانہ رپورٹس بمع سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ عام اجلاس کے نوٹسز اور کمپنی کی دیگر جملہ معلومات کا اجراء بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی بجائے مطبوعہ نقول کے ارسال کیا جارہا ہے۔ مزید براں چیف ایگزیکٹو، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، یا کمپنی سیکریٹری تمام قانونی لوازمات، ضروری عوامل، دستاویزات اور اشیاء پر ایکشن کے مجاز ہوں گے جو کہ تمام قانونی لوازمات، ضروری عوامل و دستاویزات بطور فائل قرارداد پر عمل درآمد کے لئے متعلقہ طور پر استعمال ہو سکتے ہیں۔"

2۔ بعد از غور قرار طے پایا کہ کمپنی کی آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے مندرجہ ذیل آرٹیکلز بطور خصوصی قرارداد کسی ترمیم کے ساتھ یا بنا ترمیم منظور کی جائے۔

"قرار طے پایا کہ کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی دفعہ 56 کے بعد ایک نئی دفعہ 56A شامل کی جائے۔

56A۔ ای ووٹنگ: ای ووٹنگ کے لئے سیکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ شرائط و ضوابط کے تحت ایسوسی ایشن کے جملہ آرٹیکل میں وقت بہ وقت شمولیت کے قابل تصور کیا جائے گا، اس آرٹیکل کی دیگر دفعات کے قطع نظر کسی تضاد کے شامل ہیں"۔

"یہ بھی قرار طے پایا کہ آرٹیکل 57 کے بعد درج ذیل نیا آرٹیکل 57A شامل کیا گیا ہے۔

ای ووٹنگ کے لئے بذریعہ 57A پراکسی تقرری: ای ووٹنگ کی صورت میں اراکین میں سے کئی بھی رکن کسی دوسرے رکن یا غیر رکن کا بطور پراکسی تقرر کر سکتا ہے، کمپنی ای ووٹنگ ضوابط 2016 کے تحت ضروری کاروائی کرے گی۔

یہ بھی قرار طے پایا کہ آرٹیکل 59 کے بعد درج ذیل نیا آرٹیکل 59A شامل کیا گیا ہے: ای ووٹنگ کے لئے بذریعہ 59A پراکسی تقرری: ای ووٹنگ سے متعلقہ پراکسی بطور ذریعہ درج ذیل فارم ہوگا:

میں /ہم ------ بحق ------- ، بطور ایک رکن --------، مالک ----- حصص جیسا کہ رجسٹرڈ فولیو نمبر ------ بذریعہ ای ووٹنگ رضامندی بطور ایگزیکیوشن افسر تقرری ------ جیسا کہ جو کہ ہماری جانب سے ای ووٹنگ / ای ووٹنگ کا مطالبہ، جو کہ کمپنی کے قواعد و ضوابط برائے ای ووٹنگ کے مطابق ہوگی، کر سکے گا، اور اس کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد اتفاقِ رائے سے منظور کی جائے گی۔

میرا محفوظ ای میل ایڈریس ہے --------------، از راہ مہربانی تفصیلات برائے لاگ ان تفصیلات، پاس ورڈ اور الیکٹرانک دستخط بذریعہ ای میل بھیجیں۔

ارکان کے دستخط ------------ (کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ نمونہ دستخط سے مطابقت ہونا چاہئیں)

گواہان کی موجودگی میں دستخط کیا گیا: دستخط گواہ (1) ------------ دستخط گواہ (2) ----------

پراکسی ای ووٹنگ فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں"۔

قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، یا کمپنی سیکریٹری تمام قانونی لوازمات، ضروری عوامل، دستاویزات اور اشیاء پر ایکشن اور کمپنی کے متعلقہ آرٹیکل میں ذیلی تبدیلیوں کے مجاز ہیں مع تمام ضروری دستاویزات / قانونی فارم کی فائلنگ سمیت جو کہ کمپنی رجسٹرار اور دیگر تمام ریگولیٹری کو کمپنی آرٹیکل آف ایسوسیشن میں تبدیلی یا عملدرآمد کو درکار ہوں۔

بحکم بورڈ

زہیر عباس

کمپنی سیکریٹری

کراچی، 07 جنوری 2017

نوٹ:

1۔ کمپنی کی حصہ منتقلی کی کتب سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد اور حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کے ضمن میں 23 جنوری 2017 تا 30 جنوری 2017 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔

2۔ تمام ممبران اجلاسِ ہٰذا میں شرکت اور حقِ رائے دہی کے اہل ہیں نیز کوئی رکن کمپنی کے دوسرے رکن یا کسی اور کو اپنا نمائندہ مقرر کر سکتا ہے۔

3۔ نائب کی تقرری کی دستاویز مختار نامہ یا اس کی تصدیق شدہ کاپی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئر رجسٹرار آفس کے دفتر میں موصول ہو جانی چاہئے۔

4۔ اراکین سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

5۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(الف) برائے اجلاس میں شرکت:

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ہمراہ لائیں۔ جس کے مطابق بوقت اجلاسِ عام شناخت کرانا ہوگی۔

(ii) کارپوریٹ ہستی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ بوقت میٹنگ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

(ب) پراکسی کی تقرری کے لئے:

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، کو اپنے پراکسی فارم کمپنی ضوابط کے تحت جمع کروانے ہوں گے۔

(ii) پراکسی فارم کی دو افراد سے تصدیق کروانا ہوگی جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم میں ظاہر کئے گئے ہوں۔

(iii) پراکسی کو حقیقی حصص یافتہ کے قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا ہوں گی۔

(iv) پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ہستی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

6۔ **سی این آئی سی اور این ٹی این سرٹیفکیشن کی نقول جمع کرانا:** سیکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے اعلامیہ نمبر ایس آر او 2012/(1)831 مورخہ 5 جولائی 2012 کے تحت مستقبل کے منافع منقسمہ کے مختار نامے کے اجراء کے لئے حصص یافتگان کے شناختی کارڈ لازمی ہیں معلومات کی عدم پیشی کی صورت میں منافع منقسمہ سے ایس ای سی پی کے اعلامیے کے تحت کٹوتی کی جائے گی، چنانچہ ان حصص یافتگان کو جنہوں نے اپنے شناختی کارڈز کی نقول اب تک جمع نہیں کروائیں ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ اپنے مصدقہ شناختی کارڈ کی نقول بنا کسی تاخیر کے ہمارے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

7۔ **انکم ٹیکس کٹوتی کے قواعد و ضوابط:**

فنانس ایکٹ 2016 کی دفعات کے تحت، موثر یکم جولائی 2016، منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی فائلرز اور نان فائلرز کی بنیاد پر درج ذیل طور پر کی جائے گی:

نمبر شمار	حصص یافتہ کی نوعیت	کٹوتی کی شرح
1	انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلر حضرات	12.5%
2	انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلر حضرات	20%

8۔ **جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس:**

اراکین جو مشترکہ حصص کے مالک ہوں، فائلرز اور نان فائلرز کی اس صورتحال کے تحت علیحدہ علیحدہ کاروائی کی جائے گی، ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائلر یا نان فائلر ہونے کی بناء پر پیش آیا جائے گا اور اس کے شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس کو منہا کیا جائے گا۔ معلومات کی فراہمی موصول نہ ہونے پر تصور کیا جائے گا کہ ہر شیئر ہولڈر مساوی تناسب کا حقدار ہے اور ٹیکس اسی بنیاد پر منہا کیا جائے گا۔

چنانچہ ٹیکس کی بھاری شرح سے کٹوتی سے بچنے کے لئے جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے حصص سے متعلق درج ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو سالانہ عام اجلاس سے قبل جمع کروائیں۔

فولیو / سی ڈی سی / اکاؤنٹ نمبر / شیئر ہولڈر کا نام / قومی شناختی کارڈ نمبر / شیئر ہولڈنگ / کل حصص / پرنسپل / جوائنٹ شیئر ہولڈر

9۔ **نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانیکلی (اختیاری) ادائیگی**

ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن SM/CDC/2008 (4)8 جاری کردہ مورخہ 5 اپریل 2013 کے ذریعے ای منقسمہ میکانزم جاری کر دیا ہے۔ ای منقسمہ حصص یافتگان فوائد حاصل کرنے کے لئے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کریں، (i) اکاؤنٹ کس کا نام ہے، (ii) اکاؤنٹ نمبر، (iii) بینک کا نام، (iv) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ برائے کمپنی شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی لمیٹڈ آف پاکستان (CDC)، متعلقہ بروکر / CDC کو مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

10۔ **آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ای میل کے ذریعے ترسیل:**

ایس ای سی پی نے ایس آر او نمبر 2014/(1)787 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے مطابق کمپنی کے ممبران کی سہولت کے لئے مالی گوشواروں اور نوٹسز کی بذریعہ الیکٹرانک میل سسٹم (ای میل) ترسیل کی ہدایت کی ہے۔ ہم آئندہ بذریعہ ای میل سالانہ مالی گوشواروں اور کمپنی نوٹسز وصول کرنے کے متمنی اپنے ممبران کو بخوشی یہ سہولت پیش کرتے ہیں، اس ضمن میں ممبران سے درخواست کی جاتی ہے عندیہ سے مقررہ فارم پر بذریعہ ای میل مطلع کریں، فارم کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.aasml.com سے با آسانی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کی مطبوعہ نقل اراکین کی درخواست کے سات یوم کے اندر بلا معاوضہ ان کو ارسال کر دی جائے گی۔

دستاویز زیر تحت کمپنی آرڈیننس سیکشن (b)(1)160 مجریہ 1984:

یہ دستاویز خصوصی امور جو کہ سالانہ اجلاسِ عام میں طے ہونے کے متعلق ہے یعنی اسٹیٹمنٹ جس میں 30 جنوری 2017 کو منعقدہ کمپنی کے اجلاسِ عام کے خصوصی امور سے متعلق تمام ٹھوس حقائق سامنے لائے گئے ہیں۔

سالانہ رپورٹ کا اجراء بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی:

سیکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان S.RO. 470 (I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے پیشِ نظر کمپنیوں کو سالانہ رپورٹس مع سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹ، سالانہ جنرل میٹنگز کے نوٹسز اور دیگر معلومات کی، کمپنی کے اراکین کو اجلاس عام میں سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی شیئر ہولڈر کی رضامندی سے مشروط ترسیل کی اجازت دے چکا ہے۔ اس سے سالانہ رپورٹ کی چھپائی کے اخراجات اور وقت کی بچت ہوگی۔

کمپنی شیئر ہولڈرز کے مطالبے پر دستاویزات کی تصدیق شدہ نقول ایک ہفتے کے اندر مفت فراہم کرے گی، حصص یافتگان کی منظوری کے بعد کمپنی کی جانب سے ایک عمومی درخواست فارم کمپنی سیکریٹری / شیئر رجسٹرار کے ایک میل ایڈریس اور پوسٹل ایڈریس کے ساتھ ویب سائٹ پر جاری کیا جائے گا، جسے اس طرح کی درخواستوں کو پورا کرنے کے لئے بنایا جائے گا۔ ڈائریکٹرز کی منظوری اور اجلاس کے نوٹس میں مجوزہ قراردادِ عمومی کی منظوری کے لئے حصص یافتگان سے قبل یہ معاملہ رکھا گیا تھا۔

ڈائریکٹرز کو درجِ بالا امور میں براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کوئی دلچسپی نہیں ماسوائے شیئر ہولڈنگ کے جس کی تفصیلات ڈائریکٹر رپورٹ کی حصص یافتگان سے ملحق پیٹرن رپورٹ میں مفصل درج ہے۔

دستاویز زیر تحت کمپنی آرڈیننس سیکشن (b)(1)160 مجریہ 1984:

یہ دستاویز ان حقائق کے بارے میں ہے جو سالانہ اجلاس عام میں زیر بحث لائے گئے اسٹیٹمنٹ جس میں 30 جنوری 2017 کو منعقدہ کمپنی کے اجلاسِ عام کے خصوصی امور سے متعلق تمام ٹھوس حقائق سامنے لائے گئے ہیں۔

میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی دفعات میں ترامیم:

سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کمپنیز (ای ووٹنگ) ضوابط 2016 مورخہ 22 جنوری 2016 کو ایس آر او (1)43 مجریہ 2016 کے تحت جاری کیا گیا۔ ڈائریکٹرز کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کے بعد تین نئے آرٹیکلز 56A، 57A اور 59A کی شمولیت کی سفارش کر چکے ہیں جو کمپنی کے اجلاسِ عام میں اراکین کو بذریعہ الیکٹرانک طریقہ فیصلہ سازی میں شمولیت کا اختیار فراہم کریں گے، اجلاس کے نوٹس میں کمپنی ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز میں ترامیم کے لئے قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد منظور کرنے کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔

ڈائریکٹرز کو درجِ بالا امور میں براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کوئی دلچسپی نہیں ماسوائے شیئر ہولڈنگ کے جس کی تفصیلات ڈائریکٹر رپورٹ کی حصص یافتگان سے ملحق پیٹرن رپورٹ میں مفصل درج ہے۔

ORIENTmMcCANN